**Pakistan Tehreek-e-Insaf**

**Central Media Department**

## شہباز شریف کی جانب سے شہداء کو نفرت انگیز جھوٹے پراپیگنڈے کا ذریعہ بنانے کی شرمناک کوشش کا معاملہ

پاکستان تحریک انصاف کی شہباز شریف کی جانب سے گوادر سمیت مختلف دہشت گرد حملوں میں جامِ شہادت نوش کرنے والے شہیدوں کو اپنی گھٹیا سیاست کا ذریعہ بنانے کی شدید مذمت: شہباز شریف قومی مجرم ہے، اس کی جانب سے شہداء کو اپنی نفرت اور تقسیم کی سیاست کا ذریعہ بنانا شرمناک ہے، مختلف واقعات میں دہشت گردوں کا نہایت جرات اور بہادری سے مقابلہ کرتے ہوئے اپنی جانوں کے نذرانے پیش کرنے والے جوانوں کی شہادتوں پر پوری قوم سوگوار ہے، شہداء کے اہلِ خانہ کا دکھ بانٹنے کی بجائے ان کی قربانیوں کو اپنے سیاسی اہداف کی نذر کرنے کی کوشش کرنا شہداء کی قربانیوں کی توہین اور نہایت مجرمانہ فعل ہے، کشمیریوں کے قاتل مودی کو اپنی خاندانی تقریبات میں مدعو کرنے، حریت قیادت کو نظرانداز کرنے اور دنیا بھر میں فوج پر کیچڑ اچھالنے والوں کی جانب سے جھوٹی الزام تراشی شرمناک ہے، دہشت گرد قوم میں نفاق اور تقسیم چاہتے ہیں، شہباز شریف جیسے کردار ان دہشتگردوں کی سٹریٹیجیک معاونت میں مصروف ہیں، شہباز شریف جانتے ہیں کہ قوم اور ریاستی ادارے یکجا ہوگئے تو انہیں اپنی سیاست کے مردے کو باقاعدہ زمین میں دفن کرنا پڑے گا، قوم کو تقسیم کرنے کی کوششیں قابلِ مذمت ہیں اور شہباز شریف جان لے کہ اس کی یہ مذموم کوششیں کبھی کامیاب نہیں ہوں گی،

ترجمان تحریک انصاف